سطور دل کے اندرونی درد کی وجہ سے لکھ رہا ہوں۔ کسی کی خفت مقصود نہیں۔ اپنے آپ کو علماء کا خاک پا سمجھتا ہوں اور دینی طبقے کے ساتھ اپنے تعلق پر فخر محسوس کرتا ہوں۔

فقط والسلام

دعاگو ڈاکٹر قبلہ ایاز

پشاور یونیورسٹی شعبہ مطالعات سیرت

....

محترم ایڈیٹر صاحب السلام علیکم۔

اس سال ماہ محرم میں امریکہ کے شہر بفلو' نیویارک کے دار العلوم المدنیہ کا پہلا جلسہ ختم بخاری شریف منعقد ہوا۔ اس جلسے میں براعظم امریکہ کے تین طلباء چھ سالہ درس نظامی مکمل کر کے فارغ ہوئے۔ براعظم امریکہ میں یہ جلسہ ایک تاریخی حیثیت کا حامل تھا۔ اس سے پہلے دنیا کے اس خطے میں بخاری شریف کا ختم کبھی بھی نہیں ہوا۔ الحمد للہ' اس خاکسار کو اس تاریخی جلسے میں شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی اور فارغ ہونے والے طلباء میں میرا اپنا بیٹا بھی شامل تھا۔ ثم الحمد للہ۔ یہ رپورٹ الحق کے لئے ارسال کر رہا ہوں۔

والسلام

فقط

(ڈاکٹر) محمد صادق' کینیڈا

....

محترم مدیر صاحب۔

الحق کے گزشتہ جولائی کے شمارے کے اداریہ میں آنجناب نے تحریک طالبان کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ ہمارے دلوں کی آواز ہے۔ جو آپ نے طالبان کے نام بڑے سلیقے او تدبر کے ساتھ پیش کر دیں ہیں۔ اس نازک مرحلے پر آپ کا یہ اداریہ ان کے لئے مشعل راہ کا کام انجام دے سکتا ہے۔ ماہنامہ الحق اور آپ کا یہ مبارک قدم قابل تحسین ہے۔ کہ آپ نے اس سنگین صور تحال میں اور نازک مسئلے پر بڑے ہی مدبرانہ انداز میں ان کو مستقبل کے خطرات اور زمانے کے حالات پر انہیں سمجھایا ہے۔ یہ بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ ان شاء اللہ آپ کی یہ کوشش بہرہ مند ثابت ہو گی۔

والسلام

آپکا مداح

پروفیسر محمد جاوید' از جامعہ کراچی